Dr.Aqueel Ahmad

Dept.of Urdu.

A.P.S.M.College , Barauni

Class:B.A (H) URDU

Paper:(Poetry)

Topic:Marsiya-2

خلق میں مثل خلیق اور تھاخوش گوکوئی کب
نام لے دھو لے زباں کوثر وتسنیم سے جب

بلبل گلشن زہرا وعلی عاشق رب
متبع مرثیہ گوئی میں ہوئے جس کے سبب

ہو اگر ذہن میں جودت ہے کہ موزونی ہے
اس احاطے سے جو باہر ہے وہ بیرونی ہے

بھائی خوش فکرت وخوش لہجہ وپاکیزہ خصال
جن کا سینہ گہر علم سے ہے مالا مال

یہ فصاحت، یہ بلاغت، یہ سلاست یہ کمال
معجزہ گر نہ اسے کہیے تو ہے سحر حلال

اپنے موقع پہ جسے دیکھیے لاثانی ہے
لطف حضرت کا یہ رحمت یزدانی ہے